حصول اقتدار نہیں روائتی طرز سیاست کا خاتمہ ہماری منزل ہے، ایم کیوایم

غریب اور متوسط طبقے کو بااختیار بنانا چاہتے ہیں، دولت دھونس دھاندلی کی سیاست کرنے والی جماعتوں کا ایم کیوایم سے خائف ہونا فطری عمل ہے

آزاد کشمیر کے عوام نے ایم کیوایم کو اپنی نمائندہ جماعت تسلیم کرلیا عوام کو زیادہ دیر ایم کیوایم سے دور نہیں رکھا جاسکتا،

یوسف شہوانی، سلیم تاجک کی کارکنوں سے گفتگو

مظفر آباد۔۔۔۔۔04 جون 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر رابطہ کمیٹی کے ارکان یوسف شاہوانی، سلیم تاجک نے کہا ہے کہ ایم کیوایم حصول اقتدار کے لیے نہیں بلکہ روائتی سیاست کے خاتمے اور غریب اور متوسط طبقے کو بااختیار بنانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ دولت دھونس اور دھاندلی کی سیاست کرنے والی سیاسی جماعتوں کا ایم کیوایم سے خائف ہونا فطری عمل ہے کارکن مخالفت اور منفی پروپگنڈے کی پرواہ کیے بغیر قائد تحریک کے فکر وفلسفہ کو پھیلانے میں کردار ادا کریں، جو تحریکیں عوام کے دلوں میں گھر بنالیں ان کا راستہ روکنا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ آزاد کشمیر کے انتخابات میں عوام ایم کیوایم کے ساتھ ہیں جاگیردارانہ، سرمایہ دارانہ نظام کے پروردہ موروثی سیاستدان اس مرتبہ میدان چھوڑ کے بھاگ جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزاد کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کے ہمراہ دورہ مظفر آباد کے دوران ایم کیوایم کے زونل آفس میں مظفر آباد کی زونل وضلعی کمیٹی کے ممبران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم برادری ازم اور اقرباء پروری کی سیاست کے بجائے اصولوں اور اخلاقیات کی سیاست پر یقین رکھتی ہے قائد تحریک الطاف حسین ملک کے 98 فیصد غریب، مظلوم اور پسے ہوئے طبقات کی لیڈر ہیں آزاد کشمیر میں جہاں جہاں تک ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ پہنچا ہے عوام نے ایم کیوایم کو اپنی نمائندہ جماعت تسلیم کرلیا ہے اب عوام اور ایم کیوایم کو زیادہ عرصے تک ایک دوسرے سے دور رکھنا ممکن نہیں رہا۔

کشمیری عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنے حقوق حاصل کرے گی، ریحان ظفر اور سلیم بٹ

کشمیر کی قانون ساز اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کشمیر کمیٹی کے زیراہتمام

ناظم آباد گلبہار یوسی 1 میں الیکشن سیل آفس کی افتتاح تقریب سے مقررین کا خطاب

کراچی:۔۔۔04 جون، 2011ء

آزاد کشمیر میں قانون ساز اسمبلی انتخابات 12-2011 کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کشمیر کمیٹی کے زیراہتمام ناظم آباد گلبہار یوسی 1 میں الیکشن سیل آفس کی افتتاح تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر اور کشمیر قانون ساز اسمبلی کے رکن سلیم بٹ، نے افتتاحی تقریب سے خطاب کیا۔ اس موقع پر کشمیر کمیٹی کے مرکزی رکن کشمیر الیکشن سیل تحسیم الحق خرم، یوسی 1 ذمہ داران وکارکنان کشمیری عوام اور معززین، نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم کشمیر کے عوام کے دیرینہ مسائل کو حل کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور جلد کشمیری عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں اپنے حقوق حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا نظریہ اور فکر وفلسفہ ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور جس کے اثرات ملک کی سیاست میں مثبت تبدیلی پیدا کررہے ہیں اور اسی تبدیلی کے ذریعے ملک بھر میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سرمایہ دارانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اور غریب ومظلوم عوام کو انصاف فراہم حاصل ہوگا۔ انہوں نے کشمیری عوام 26 جون 2011ء کو ہونیوالے کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حق پرست اُمیدواروں کو کامیاب بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں تاکہ کراچی کی طرح کشمیر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کرکے اسے مستحکم بنایا جاسکے۔

ایم کیوایم آزاد کشمیر میں پرامن انقلاب کے لیے کوشاں ہے، خورشید کیانی، سہیل سعید

مظفر آباد۔۔۔۔۔04 جون 2011ء

ایم کیوایم مظفر آباد کے زونل جائنٹ انچارج خورشید کیانی، ڈسٹرکٹ جائنٹ انچارج سہیل سعید خان نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایم کیوایم آزاد کشمیر میں انقلابی تبدیلیاں لانے کے لیے کوشاں ہے۔ قائد تحریک پاکستان اور آزاد کشمیر سے جاگیردارنہ، سرمایہ دارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں، استحصالی نظام کے خاتمے کے لیے ہر طرح کی قربانی دینے کو تیار ہیں، انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا نظریہ فکر وفلسفہ آزاد کشمیر کے کونے کونے تک پھیل چکا ہے اور 98 فیصد عوام نے استحصالی نظام

کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا ہے، موجودہ حالات میں قائد تحریک الطاف حسین واحد عوامی لیڈر ہیں جو ملک اور قوم کے لیے خیر خواہی کے جذبات رکھتے ہیں قائد تحریک الطاف حسین کا مشن ملک کے 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام کو ان کے بنیادی حقوق دلانا ہے آمدہ انتخابات میں آزاد کشمیر کے عوام ایم کیو ایم کے حق میں اپنے ووٹ کا استعمال کر کے پر امن انقلاب کی راہ ہموار کریں گے۔

☆☆☆☆☆